تعارف کتب

دفتر میں نئی مطبوعات کی آمد کی رفتار بہت زیادہ ہے جبکہ ادارہ کو کئی ماہ بوجہ مجبوری تبصرہ کا عنوان قائم رکھنا بھی ممکن نہ رہا۔ اس ضمن میں ہم ان تمام حضرات سے معذرت خواہ ہیں جنہیں کتابوں پر تبصرہ کا انتظار کرنا پڑا۔ آئندہ بھی جو حضرات تبصرہ کیلئے کتابیں بھیجیں گے ان پر حسب موقع و گنجائش تبصرہ کرنا ادارہ کی صوابدید پر ہوگا۔ اس سلسلہ میں بار بار اصرار اور یاد دہانی نہ کرائی جائے، زیادہ گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے تفصیلی تبصرہ کی بجائے مختصر تعارف پر اکتفار کیا جارہا ہے۔ (ادارہ)

★

عیسائیت اور اسلام | از محمد حفیظ اللہ صاحب لاری ایم اے علیگ ــــ قیمت ۵۰ پیسے، صفحات ۱۴۰ ــــ ناشر انجمن تحفظ اسلام، نیم کی چاڑی سکھر ــــ رد عیسائیت پر مختلف پہلوؤں سے شائع شدہ مقالوں کا مجموعہ زبان مناظرانہ نہیں بلکہ محققانہ اور ہمدردانہ ہے، مسیحی تعلیمات کے مقابلہ میں اسلامی تعلیمات کو مؤثر اور دل نشین انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ عیسائیت کے فروغ کے اس دور میں ایسے رسائل کی زیادہ اشاعت ضروری ہے۔

جائزہ تراجم قرآنی | ترتیب مولانا محمد سالم قاسمی، سید عبد الرؤف عالی، سید محبوب رضوی، ناشر: مجلس معارف القرآن دیوبند۔ یوپی (انڈیا) ــــ صفحات ۱۸۰ ــــ قیمت مجلد ۵۰/۲ روپیہ۔ مجلس معارف القرآن (اکیڈمی، قرآن عظیم) قرآنی علوم و معارف پر قابل قدر کام کر رہی ہے، پیش نظر کتاب جائزہ میں یورپ اور ایشیا کی پچاس مختلف زبانوں میں قرآن کریم کے قدیم و جدید تراجم پر اجمالی نظر ڈالی گئی ہے اور اس میں شک نہیں کہ مجلس کے لائق ارکان نے اس وسعت پذیر موضوع پر نہایت جانفشانی اور عرقریزی سے کافی مواد جمع کر دیا ہے، ایسی کوئی فہرست بھی حرف آخر نہیں بن سکتی، اس لئے عام مسلمان بالخصوص اہل علم اور تحقیقی ذوق رکھنے والوں کو چاہیئے کہ اپنی معلومات سے ادارہ کو مطلع فرمادیں تاکہ نقش ثانی زیادہ جامع اور کامل شکل میں سامنے آسکے۔

مدارج سلوک | ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب ــــ قیمت ۵/ روپے ــــ صفحات ۲۸۰ ناشر: مجلس معارف القرآن دیوبند ــــ پیش نظر کتاب تصوف اور تزکیہ نفس، وصول الی اللہ کے طریقوں کی تفصیل پر مشتمل ہے۔ ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب کی گرانمایہ شخصیت اور مجلس معارف القرآن